2. پری کارڈیل فلوئیڈ (Pericardial Flued) ایک ایسی اطوبت ہے جو دل کو جھٹکوں اور خشک ہونے سے بچاتی ہے۔
3. وریدوں میں خون سُست رفتار سے چلتا ہے۔
4. زخموں میں پیدا ہونے والی پیپ دراصل سفید مردہ خلیات پر مشتمل ہے۔
5. سفید خلیات کی عمر تقریباً ایک ہفتہ ہوتی ہے۔
6. جسم میں موجود تمام وریدوں میں ناخالص خون ہوتا ہے۔سوائے پلمونری وین کے۔
7. اگر گردے کو کوئی بیماری لاحق ہو جائے تو اس کی تشخیص پیشاب کے کیمیائی امتحان سے کی جاتی ہے۔
8. ڈومیرونکی جرمنی کا مشہور سائنس دان ہے۔اس نے ساٹھ کروڑ سال پہلے کے جراثیم زندہ حالت میں دریافت کئے ہیں۔
9. دنیا میں ایک منٹ میں تقریباً ۱۶۸ اموات ہوتی ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

10. بال غیر موصل ہوتے ہیں۔ اس لئے باہر کی گرمی یا سردی اندرونی اعضاء تک نہیں پہنچ سکتی۔

11. تمباکو میں کم از کم پندرہ ایسے مرکبات ہیں جن کے متعلق حتمی طور پر کہا جاتا ہے کہ وہ سرطان پیدا کرتے ہیں۔

12. انسان کی بیشتر بیماریوں کا سبب جراثیم ہیں۔ لیکن آپ یہ جان کر حیران ہونگے کہ پچاس فیصد سے زائد جراثیم نقصان دہ نہیں ہوتے۔

13. ساخت کے لحاظ سے جراثیموں کی دو قسمیں ہیں۔ صغیر (چھوٹے) کبیر (بڑے)۔

14. منتون خان لیووین ہوک نے سب سے پہلے جراثیم دیکھے تھے۔

15. ۲۵ ہزار گول جراثیموں کو باہم ملا کر ایک قطار میں رکھا جائے تو صرف ایک انچ لمبی قطار بنتی ہے۔

16. جب ہم منہ سے ایک لفظ بولتے ہیں تو جسم کے ''۷۲'' اعضاء حرکت کرتے ہیں۔

17. ایک پونڈ چربی میں ۴۰۰ میل لمبی شریانیں ہوتی ہیں۔

18. انسان کی ۴۵ سالہ زندگی میں دل تین لاکھ ٹن تقریباً خون پمپ کرتا ہے۔

19. دنیا میں آنکھوں کا سب سے پہلا ہسپتال ۱۱ فروری ۱۸۰۵ء کو ماسکو میں قائم ہوا تھا۔

20. انسانی دل ایک ڈبل پمپ ہے۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اِسمِ محمد ﷺ

اجمل جی ار (بی اے سال اوّل)

عجب اِک کیف سے ہستی مری مخمور ہوتی ہے
کہ جب اِسمِ محمد ﷺ ، میں کسی کاغذ پہ لکھتا ہوں
درودوں کی صداؤں سے مرا دل جھوم اُٹھتا ہے
کسی محفل میں آقا ! جب بھی تیرا نام لکھتا ہوں

ہمارے آقا ﷺ کا اِسم گرامی زمین پر محمد اور آسمان پر احمد ہے، یہ دونوں حمد سے مشتق ہیں، آپ کو حمد سے خاص مناسبت ہے، آپ کو قرآن کریم کی صورت میں جو دائمی معجزہ عطا کیا گیا اس کا آغاز 'الحمد' سے ہوتا ہے، آپ کے شفاعت کا نام 'مقامِ محمود' امت کا نام 'حمادون' اور جھنڈے کا نام 'لواء الحمد' ہے، آپ کی دعاؤں میں حمد کا مضمون سب سے نمایاں ہے آپ کی خطبات کا آغاز حمد سے اور اختتام بھی حمد پر ہوتا تھا۔ دنیا میں کوئی (معاذ اللہ) خدا کے بیٹے کی حمد کرتا ہے، کوئی دیویوں اور دیوتاؤں کی، تو کوئی خدا تک پہنچانے والے وسائل اور ذرائع کی لیکن امت محمد یہ سب سے زیادہ اللہ ہی کی تعریف کرتی ہے، یہی اسکی پہنچان اور یہی اسکا شیوہ ہے، یہی اس کی روح کی غذا اور یہی اُسکا مقصد حیات ہے۔

اہل علم نے ''محمد'' کے کئی معانی لکھے ہیں، محمد کا پہلا معنی ہے وہ شخصیت جس کی بار بار تعریف کی جائے اور اسکی تعریف کا سلسلہ ختم نہ ہو۔ اِسم محمد جو کہ محبت واخوت، امن و سلامتی، دردِ انسانیت اور اندازِ جہانبانی کا پیارا عنوان ہے اُسے بغض وحسد اور شہوت و درندگی میں ڈوبے ہوئے کچھ لوگ معاذ اللہ دہشت گردی اور خوف کا نشان بنا دینا چاہتے ہیں۔ لیکن یہ کوشش کل کے ابولہب بھی کرتے رہے اور ناکامی کے سوا انہیں کچھ نہ ملا، آج

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کے ابولہبوں کی کاوشیں بھی انشاء اللہ نقش بر آب ثابت ہونگی اور یہ مبارک نام صفحہءِ ہستی اور جبین انسانی پر چمکتا و ملکتا رہے گا۔

جس طرح سرورِ کائنات، سید الرسل و خاتم الانبیا ﷺ کی ذات اعلیٰ، ارفع نرالا ، اور ممتاز ہے اُسی طرح ایسے ہی آپؐ کی نام گرامی بھی اعلیٰ ارفع، نرالا اور ممتاز ہے جسے اللہ تعالیٰ نے آپ کی ذات کے لئے ساری مخلوق میں محبوبیت رکھ دی ہے ایسے ہی آپ کے اسم گرامی کی محبوبیت بھی سب کے دلوں میں پیدا فرمادی ہے۔ آپؐ کے ساتھ جس چیز کا تعلق بھی جڑا۔ اللہ تعالیٰ نے اُسے کائنات کے لئے محبوب بنادیا۔

نام محمد بھی عاشقوں کی جان ہے اور وہ اس نام میں سرور وخوشی، لذت و شیرینی محسوس کرتے ہیں، اس نام کی آبرو و حرمت کا عظیم سرمایہ سمجھتے ہیں۔

اک نام محمدؐ ہی تسکین دل وجاں ہے
ہر غم کا مداوا ہے ہر درد کا درماں ہے
(دہر میں اسم محمدؐ سے اجالا کردے)

محمد ﷺ ایک پیارا نام، حسین۔ قابل فخر، ہر دل عزیز۔ باعث خیرو برکت ، پسندیدہ ، دلرُبا ، ذخیرہ ءِ حُسن ، دو جہاں، عطر ریز، عنبر بار، دلکش۔ مقبول و پُرکشش نام۔۔ ایک ایسا نام جو کسی کو نہ سُوجھا، کسی پہ نجچا، کوئی اسکے قابل نہ تھا سیدہ آمنہ کے حسین و خوبصورت۔ صاحبو جمال وکمال بیٹے کی وجہ سے انسانیت تک اس نام کی رسائی ہوئی۔ اس نام کے نغموں کی کائنات میں گونج ہے۔ سب مسلمان اگر کسی بات پر متفق ہیں تو وہ نام محمد ﷺ ہے۔

یہ نام عظیم قوت ہے اس نام سے دشمنوں پر ہیبت ورعب ہے۔ یہ نام روشنی ہے ایک ایسی روشنی جس نے جہالت و تاریکیوں کے سارے پردے چاک کر کے کائنات کو منور کردیا یہ نام عظمت ہے۔ جس نے اپنے چاہنے والوں کو عظیم کردیا۔ یہ نام پاکیزہ ومقدس ہے جسکے دم سے دھرتی کفروشرک سے پاک ہوگئی۔۔ سورج۔ چاند۔ ستارے، زمین اور آسمان

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

فرشتے جنات اور انسان سب اس نام کے گُن گائے ہیں ۔اسی نام سے کلیوں کا تبسم ،پھولوں کا ترنم دھرتی کی بقاء وجگمگاہٹ ہرشی کی نقل وحرکت گویا کہ کائنات کا حُسن رنگ رونق خوشبو تازگی سب کچھ اسی نام سے ہے اسی عقیدت ومحبت کا اظہار علامہ اقبال مرحوم اشعار کی دنیا میں یوں کرتے ہیں ۔۔

قوّت عشق سے ہر پست کو بالا کردے

دہر میں اسمِ محمدؐ سے اُجالا کردے

(محمد نام نرینہ اولاد کے لئے)

ایک محدث نے حدث نقل کی ہے اگر وہ مرفوع احادث سے نہیں ہے وہ حدیث یہ ہے۔ ' جو شخص یہ چاہے کہ اسکی بیوی کے حمل سے میرے یہاں لڑکا پیدا ہو تو وہ اپنا ہاتھ حاملہ بیوی کے پیٹ پر رکھ کر یہ کہے اگر اس حمل سے میرے یہاں لڑکا پیدا ہوا تو میں اُس کا نام محمد رکھوں گا تو اِس نیت کے اثر سے اُسکے یہاں لڑکا پیدا ہوگا۔

(نامِ محمد ﷺ کا ایک حیرتناک واقعہ)

علامہ حافظ سلفی نے کسی سے نقل کیا ہے کہ ہندوستان کے ایک علاقے مین ایک درخت ہے جسکے پتے ہلکے سبز ہوتے ہیں اور ہر پتے پر گہرے سبز رنگ سے لکھا ہوا ہوتا ہے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اس علاقے کے لوگ بت پرست تھے اور وہ اس درخت کو کاٹ ڈالتے تھے اور کچھ جڑیں باقی رہنے دیتے تھے ، یہ درخت تھوڑے وقت میں پھر دوبارہ بڑھ جاتا تھا آخر ایک دفعہ اُنہوں نے سیسہ پگھلا کر اس کی جڑ میں بھر دیا مگر اس سیسے کے چاروں طرف سے شاخ پھوٹیں اور ہر شاخ پر لکھا ہوا تھا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ (اس حیرتناک کرامت) کو دیکھ کر وہ لوگ اس درخت سے برکت حاصل کرنے لگے اور بیماری میں اسکو شفا حاصل کرنے کیلئے استعمال کرنے لگے ۔وہ اسکو زعفران اور بہترین خوشبوؤں کے ساتھ استعمال کرنے لگے۔

کراچی میں تربوز پر قلم قدرت سے اسم محمدؐ لکھا ہوا پایا گیا۔(ماہنامہ حق چاریار

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

۴ نومبر ۱۹۸۹)

یکم جنوری ۱۹۸۶ کو راولپنڈی کے ایک ہوٹل میں پھلوں میں ایک سنگترہ ملا جس پر محمد کا نام قدرتی طور پر نقش تھا (نوائے وقت ۲ جنوری)

آم پر اسم مبارک محمد ﷺ لکھا پایا گیا جو جنگ میں شائع ہوا (۱۲ اگست ۱۹۹۱)

فلسطین میں ایک سنگترہ پایا گیا جس کو بے شمار لوگوں نے دیکھا کہ اس پر قدرتی طور پر واضح لفظوں میں اسم مبارک محمد لکھا ہوا تھا اس کی تصویر انٹرنیٹ پر کئی عربی سائٹس میں شائع ہوئی۔

حیوانات کا جمال نامِ محمد ﷺ

ایک بزرگ نے بیان کیا ۴۲۷ ھجری میں میرے گھر میں ایک بکری کا بچہ پیدا ہوا، جس کی پیشانی پر ایک دائرہ سفید کا تھا اور اس کے اندر نہایت خوشخط اور صاف طور پر لکھا ہوا تھا محمد (ﷺ)

ابن عباسؓ سے مروی ہیکہ ہم آنحضرت ﷺ کی خدمت میں بھیٹھے اچانک ایک پرندہ آیا جس کی چونچ میں ایک بادام تھا وہ اس نے مجلس میں ڈال دیا نبی کریم ﷺ نے اسے اٹھالیا اس میں ایک سبز رنگ کا کیڑہ نکلا جس پر ذرد رنگ سے لکھا ہوا تھا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

محمد (ﷺ) ایک سحر آفریں اور پیارا نام! شجر و حجر وانس، حور و ملک، اس دھرتی کا ذرہ ذرہ اس نام کے گُن گاتا ہے۔ عاشقوں کی اس محمد ﷺ سے محبت وعشق کی عجیب داستانیں رقم ہیں بڑے، چھوٹے، بچے، جوان، رعایا، حکمران، مرد وعورت سب اس نام پر فریفتہ اور اس نام سے محبت کرتے ہیں۔ آیئے اسم محمد سے محبتو عقیدت رکھنے والی ایک خاتون کا انوکھا واقعی پڑھتے ہیں۔

اُم حبیب بنت قیس بن عمر بن المموصل حسن وجمال والہ خاتون تھیں، اُن کا نکاح اُن کے خالہ زاد بھائی محمد بن عمر ابن العاص سے ہوا کسی وجہ سے آپس میں جدائی آگئی اب

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اُس خاتون کو نکاح کے لئے کئی لوگوں نے پیغام بھیجا لیکن اسم محمد ﷺ سے محبت وعقیدت رکھنے والی خاتون نے عجیب شرط لگا دی کہا 'لا انکح الا المحمدین' (میں تو محمد نام والوں سے نکاح کروں گا) محمد بن ابی حذیفہ نے پیغام بھیجا نکاح ہو گیا یہ شہید ہو گئے ان کے شہادت کے بعد محمد بن ابی جعفر بن ابی طالب سے نکاح ہوی وہ بھی وفات پا گئے ان کے انتقال کے بعد اپنے چچا زاد بھائی محمد بن ایاس بن عمرو بن المومل سے نکاح ہوا، وہ دمشق میں رہتے تھے ام حبیب بھی دمشق چلی گئیں اور وہیں اللہ کو پیاری ہو گئیں۔ یوں اس خاتون نے پانچ نکاح کئے سب کے سب محمد نام والوں سے۔

نہ ہو ذکرِ مبارک آپ کا وردِ زباں کیونکر میں یوں روزِ ازل سے عاشق شیدا محمد ﷺ کا فرشتے بر میں پوچھیں گے گر مجھ سے کہ دوں گا۔

کہ ہوں بندہ خدا کا اور ہوں شیدا محمد ﷺ کا خدایا جب مری اس قلب خاکی سے جان نکلے زبان پر اُس گھڑی جاری رہے کلمہ محمد ﷺ کا خدا بھی حشر میں پوچھے گا گر عاشق تو کس کا ہے تو کہہ دوں گا محمد ﷺ کا محمد ﷺ کا۔۔۔۔ اللّٰھم صلّ علٰی قبرِ مُحمَّدٍ فِي القُبُورِ

(شیفتہ دہلوی: م ۱۸۶۹ء نقوش رسول نمبر ۱۰)

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

حضورؐ کے معجزات

عاطف یار دشتی (بی۔اے تھرڈ ائیر)

چونکہ ہم پچھلے کلاسوں میں پڑھ چکے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس دنیا میں ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کرام بھیجے تھے ہر قوم کے لئے ایک نبی مقرر تھا اور اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام کو معجزات سے نوازا تھا۔ مثال کے طور پر حضرت داوٗدؑ کا معجزہ تھا کہ جب وہ اپنی کتاب زبور کی تلاوت کرتے تو اُن کا آواز دُور دُور تک سنائی دیتا، حضرت موسیٰؑ کا معجزہ تھا کہ جب وہ اپنے ہاتھ کا عصاء زمین پر پھینکتا تو وہ عصاء زمین پر پھینکتا تو وہ عصاء ایک سانپ کی شکل میں بڑا اثر دیا بن جاتا اور حضرت عیسیٰؑ کا معجزہ تھا کہ وہ مردوں کو بھی زندہ کر دیتا۔ لیکن جتنے بھی سب انبیاء کرام کے معجزات تھے وہ سب معجزات ہمارے آخری نبی محمدؐ میں تھے۔ آپ کا سب سے بڑا معجزہ یہ تھا کہ اللہ تعالیٰ کا آخری کلام قرآن مجید اُن پہ نازل ہوا۔ دوسرا سب سے بڑا معجزہ یہ تھا وہ معراج کا تھا جو اس پہلے کسی بھی نبی کو عرش پر نصیب نہیں ہوا تھا تیسرا سے سب بڑا معجزہ شق القمر کا ہے جب ایک رات کفارِ مکہ نے حضورؐ سے کہا کہ ہمیں کوئی معجزہ دیکھا ہے۔ تو حضورؐ نے چاند کے دوٹکڑے کو دیئے اور سب حاضرین نے دونوں ٹکڑے دیکھ لئے پھر وہ دونوں ٹکڑے آپس میں مل گئے اور چاند جیسا تھا ویسا ہی ہو گیا۔ چوتھا سب سے بڑا معجزہ یہ تھا کہ آپؐ اللہ تعالیٰ کے بتانے سے بہت سی آنے والی باتوں کی اُن کے ہونے سے پہلے خبر دی اور وہ اُسی طرح واقع ہوئیں۔ پانچواں سب سے بڑا معجزہ یہ تھا کہ حضورؐ کی دعا کی برکت سے ایک دو آدمیوں کا کھانا سینکڑوں آدمیوں نے پیٹ بھر کر کھا لیا۔

اس کے علاوہ حضرت محمدؐ کے بہت سارے بے شمار معجزے تھے ایک دفعہ نبی اکرمؐ اپنے اصحابؓ کے ہمراہ ایک سفر میں جا رہے تھے اچانک سفر کے دوران نماز کا وقت آیا

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اصحاب کرامؓ کے پاس صرف کچھ تھوڑا بہت پانی تھا پینے کے لئے تو اصحاب کرامؓ اُس پانی سے وضو بھی نہیں کر سکتے تھے جب حضورؐ نے پانی کے بارے میں پوچھا تو جواب ملا تھوڑا بہت پانی پینے کے لئے ہے تو آپؐ نے حکم دیا کہ پانی کو میرے حوالے کیجیے تو اصحاب کرامؓ نے ویسا ہی کیا آپؐ نے اپنے ہاتھوں کے انگلیوں کو پانی میں ڈالا جب باہر نکالا تو انگلیوں سے پانی کے چشم نکلنے شروع ہو گئے سب اصحاب کرامؓ نے اپنے اپنے ضرورت کے مطابق پانی لئے، اصحاب کرامؓ کی تعداد تقریباً تین سو پچاس سے چار سو تھا۔ ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ حضرت موسیٰ کا بھی کوئی اسی طرح کا معجزہ تھا جب وہ اپنا عصاء جب پہاڑ پر پھینکتا تھا تو پہاڑ سے پانی کا نکلنا شروع ہو جاتا تھا پہاڑ کے نیچے تو زمین ہے زمین کے اندر پانی تو ہوتا ہے جو کہ وہ باہر نکال لیتا تھا لیکن انگلیوں کے اندر سوا خون کے کچھ نہیں ہے لیکن پھر بھی ہمارے آخری نبیؐ نے پانی نکال لیا اس سے یہ بات ثابت ہوئی کہ آپ کا معجزہ تو حضرت موسیٰ کے معجزہ سے بھی بڑا ہوا۔ اور حضرت موسیٰ کا ایک معجزہ یہ بھی تھا جب وہ اپنا ہاتھ بغل کے نیچے رکھ لیتا تو ہر طرح روشنی پھیل جاتا ہر جگہ روشن ہو جاتا۔ ایک رات ہمارے نبی محمدؐ نے رات دیر تک قرآن واحادیث کا بیان کیا جب ختم کیا تو رات کا اندھیرا ہر جگہ پھیل چکا تھا دو صحابیؓ جو وہ بوڑھے اور آنکھیں کمزور تھیں وہ رات کے اندھیرے میں جا نہیں سکتے تھے اور گھر بھی دُور تھا جب آپؐ نے دیکھا تو آپؐ نے ایک درخت کے دو شاخ توڑ دیئے اور دونوں کے ہاتھوں میں دیئے اور کہا اب گھر چلے جاؤ وہ دونوں صحابیؓ حیران ہو گئے کہ اس کا کیا مطلب ہے؟ جو وہ راہ میں چلنے لگے تو ہاتھ میں دونوں شاخ ایک بتی کی طرح روشن ہو گئے اور سارا راستہ روشن کر دیا تا ہم آخر کار وہ دونوں اپنے گھر پہنچ گئے حضرت موسیٰ تو اپنا ہاتھ اپنے ہی بغل میں ڈال کر جگہ روشن کرتے لیکن ہمارے نبی کا ہاتھ لگا ہوا چیز روشن ہو جاتا۔

اس کے علاوہ ہمارے حضرت محمدؐ کے بہت سارے معجزات تھے جو کہ میں اپنے اس مختصر مضمون میں بیان نہیں کر سکتا۔ اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام پر معجزات اس لئے عنایت فرمائے تا کہ لوگوں کو یقین ہو سکے کہ واقعی یہ ایک اللہ تعالیٰ کا پیغمبر ہے ویسے تو انبیاء کرام

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

سب انسان تھے کیونکہ انسان کا درد صرف انسان ہی سمجھ سکتا ہے سب اس دنیا میں کھاتے، پیتے اور سوتے تھے جو کہ ایک عام آدمی کا کام ہے لیکن معجزات نے انبیاء کرام کو انبیاء کرام بنایا۔ اگر کوئی کافر کسی نبی کو نہ پہچانے تو وہ یہی کہے گا جس طرح ابو جہل نے آپؐ سے کہا تھا ''کہ تو تم پیغمبر کیسے ہو سکتے ہو؟ تم تو میری طرح ایک انسان ہو کیونکہ ابو جہل نے آپ کا شان نہیں پہچانا۔ اگر ہم حضور اکرمؐ کے شان کو نہیں پہچانیں تو ہم ابو جہل جیسا بن جائیں گے۔

انبیاء کرام کے معجزات کے بارے میں قرآن مجید کے سورہ طٰہٰ میں بھی ہے ترجمہ ''بہر حال معلوم ہوا کہ جادو کا کھیل محض عارضی اور دکھاوے کا کھیل ہے اور پیغمبروں کے معجزات ایک حقیقت واقعہ ہوتے ہیں پھر یہ کہ جادوگر نبوت کا دعویٰ نہیں کرتا اور نہ وہ پیغمبر ہوتا''۔

بعض علماء کرام نے تحقیق فرمایا ہے'' کہ قرآن مجید اشرف معجزات ہے اور اس کلام اللہ میں سات ہزار سے زائد معجزات ہیں''۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

خلیفۂ اوّل حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

محمد شاد

شاعر مشرق علامہ اقبال اس انداز میں اسطرح بیان کرتا ہے۔

آں آمن الناس ہر مولائے ما
آں حکیم اول سہنائے ما
ہمت او کشت ملت راچو ابر
ثانی اسلام و غار بدر و قبر

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یہ درجہ شخصیت محتاج تعارف نہیں ہے۔ سردار دو جہاں آپ آنحضرت ﷺ کے بچپن کے قدیم ترین اور سب سے پہلے دوست اور یوں سفر قیام کے حقیقی ساتھی تھے۔ جب ہمارے پیارے رسول ﷺ اپنی پیغمبری کا اعلان کیا۔ تو سب سے پہلے آپ کی عزت و مشرف حاصل ہوا آپؓ نے ہمارے پیارے نبی کی پیغمبری کی سچ ہونے کی تائید کی۔ حضرت ابو بکر صدیقؓ کے اعلان نبوت کے بعد ہر وقت اور ہر موقع پر آپ ﷺ کے ساتھ ہی دیا۔ اور ان کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور خلیفہ اول حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ ﷺ کا نہ صرف مالی مدد کی بلکہ ہر مشکل گھڑی میں ہمارے پیارے نبیؐ کے اصل معاون و مددگار رہے ہجرت کے وقت حضرت ابو بکرؓ رسول اللہؐ کے صلاح کارِ اوّل تھے۔ رسول اللہ نے حضرت ابو بکرؓ کے بہت تعریف فرماتے ہیں ، آپؐ نے فرمایا! ابو بکر جنت میں ہیں۔

اور یہ بھی فرمان نبوی ہے۔ مری امت میں سے مری امت پر سب سے زیادہ رحم کرنے والا

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

حضرت ابوبکر صدیقؓ ہے"

اک دفعہ ہمارے پیارے اور آخری نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ حقوق صحبت ج ءادائیگی اور مال خرچ کرنے میں تمام لوگوں سے بڑھ کہ احسان مجھ پر بلاشبہ ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ کا ہے۔ اور حضور اکرمؐ ہون بھی فرمایا "اگر میں محمدؐ اپنے رب کی سوا کسی اور اپنا سچا دوست بناتا تو ابوبکر صدیقؓ کو بناتا"

شاعر مشرق علامہ اقبال بھی اک شعر میں یار غار کو اسطرح ظاہر کرتا ہے۔

پروانے کو چراغ ہے بُلبل کو پھول بس
صدیق کے لئے خدا کا رسول بس

ہمارے پیارے نبیؐ نے 12 ربیع الاوّل 11 ھجری میں اپنی امت کو ہمیشہ کے لئے چھوڑ دیا۔ تو آپؐ کے بعد حضرت ابوبکرؓ پہلا خلیفہ منتخب ہوئے۔ آپؓ کے اس زمانہ میں جھوٹی نبی پیدا ہو چکے تھے۔ جنہوں نے جھوٹی رسالت کا اعلان کیا تھا۔ لیکن جب سردار دو جہاں کے جدائی کے بعد تو کئی اور گروہ اسلام کے خلاف اٹھ کھڑے ہوئے۔ ایک تو جھوٹے مدعیان رسالت یا پیغمبری تھے لیکن ان کے علاوہ اک گروہ ایسا پیدا ہوا جس نے زکوۃ دینے سے بلکل انکار کر دیا اور ساتھ اک گروہ سامنے آیا جنہوں نے دینِ اسلام سے انکار کیا یعنی مرتدین اسلام۔ خلیفہ اوّل حضرت ابوبکر صدیقؓ کے لئے یہ بہت بڑا سخت زمانہ تھا۔ لیکن آپؓ نے سب فسادوں کا بڑی بہادری، شجاعت اور عقل ودانائی سے مقابلہ کیا۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کی نبی کی جانشینی کا مدّت سوا دو برس ہے اور اس چھوٹی سی مدت میں آپؓ نے جو عظیم الشان کارنامے انجام دیے، حقیقت میں ان کی مثال تاریخ اسلام میں بہت مشکل ہی سے ملے گا۔ علم و بزرگی کے اعتبار سے حضرت ابوبکر صدیقؓ بہت بڑے جامع الکمالات تھے۔ تفسیر، حدیث، علم تفسیر، علم الانساب، شعر وسخن، حکایت۔ تحریر وکتابت میں الھیین مہارت کامل حاصل تھی۔ خلیفہ اوّل کا عظیم الشان کارنامے "جمع قرآن ہے" حضرت ابوبکر صدیق نے حضرت زید بن ثابت انصاریؓ کو حکم دیا کہ وہ قرآن جاک کے تمام اجزاء کو جمع کر کے اک

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کاغذ جمع کرنے کا اہتمام کریں۔ چنانچہ حضرت زید بن ثابتؓ نے ہی عظیم الشان کارنامہ انجام دیا۔

وفات خلیفہِ اوّل حضرت ابوبکر صدیقؓ

7 جمادی الثانی 13 ھجری کو خلیفہ اوّل حضرت ابوبکر صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ نے غسل کیا اس دن سردی بیت زیادہ تھی جس کی وجہ سے خلیفہ اول حضرت ابوبکر صدیقؓ کو بخار ہوگیا۔ اسطرح 15 دن مسلسل بخار رہا۔ آخر 12 ھجری ثانی 13 ھجرہ بروز دوشنبہ مغرب اور عشاء کے درمیان ہمیں خلیفہ اول حضرت ابوبکرؓ نے ہمیشہ کے لئے چھوڑ دیا۔ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ کی نمازِ جنازہ حضرت عمر فاروق نے پڑھائی اور ھجرہ عائشہ رضی اللہ عنہ میں رسول اللہ کے پہلو میں دفن کیے گئے۔ خلیفہ اوّل حضرت ابوبکرؓ کی عمر اس وقت 63 سال تھی۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

حضرت علیؓ

ایاز امام

علی نام، ابوالحسن اور ابوتراب کنیت، حیدر (شیر) لقب، والد کا نام ابوطالب اور والدہ کا نام فاطمہ تھا۔ پورا سلسلہ نسب یہ ہے۔ علی بن ابی طالب بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف بن قصی بن کلاب بن مروہ بن کعب بن لوی۔ چونکہ ابوطالب کی شادی اپنے چچا کی بیٹی سے ہوئی تھی اس لئے حضرت علیؓ نجیب الطرفین ہاشمی اور آنحضرت ﷺ کے حقیقی چچا زاد بھائی تھے۔

خاندان ہاشم کو عرب اور قریش میں جو وقعت و عظمت حاصل تھی وہ محتاج اظہار نہیں۔ خانہ کعبہ کی خدمت اور اسکا اہتمام بنو ہاشم کا مخصوص طفرائے امتیاز تھا اور اس شرف کے باعث ان کو تمام عرب میں مذہبی سیادت حاصل تھی۔

حضرت علیؓ مرتضٰی کے والد ابولب مکہ کے ذی اثر بزرگ تھے۔ آنحضرت ﷺ نے ان کی آغوش شفقت میں پرورش پائی تھی۔ اور بعثت کے بعد ان ہی کے زیر حمایت مکہ کے کفرستان میں دعوت حق کا اعلان کیا تھا۔ ابوطالب ہر موقع پر آپؐ کے سپر رہتے اور سرور کائنات ﷺ کو کفار کے پنجہ ظلم وستم سے محفوظ رکھا۔ مشرکین قریش نت رسول اللہ ﷺ کی پشت پناہی اور حمایت کے باعث ابوطالب اور ان کے خاندان کو طرح طرح کی تکلیفیں پہنچائیں۔ ایک گھاٹی میں اس کو محصور کر دیا۔ کاروبار لین دین بند کر دیا۔ شادی بیاہ کے تعلقات منقطع کر لئے کھانا پینا تک بند کر دیا، غرض ہر طرح پریشان کیا، مگر اس نیک طبعت بزرگ نے آخری لمحہ حیات تک اپنے عزیز بھتیجے کے سر سے دستِ شفقت نہ اُٹھایا۔

آنحضرت ﷺ کی دلی آرزو تھی کہ ابوطالب کا دل نور ایمان سے منور ہو جائے

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

اور انہوں نے اپنی ذات سے دنیا میں مہبط وحی (ﷺ) کی خدمت وحمایت کی ہے اس کا معاوضہ میں نعیم فردوسی کی ابدی اور لاتناہی دولت حاصل ہو۔اس لئے ابوطالب کی وفات کے نہایت اصرار کے ساتھ کلمہ توحید کی دعوت دی۔ابوطالب نے کہا۔عزیز بھتیجے !اگر مجھے قریش کی طعنہ زنی کا خوف نہ ہوتا تو نہایت خوشی سے تمہاری دعوت قبول کر لیتا۔سیرت ابن ہشام میں حضرت عباسؓ سے بھی روایت ہے کہ نزع کی حالت میں کلمہ توحید انکی زبان پر تھا مگر یہ روایت کمزور ہے۔بہر حال ابوطالب نے کو اعلانیہ اسلام قبول نہیں کیا۔تاہم انہوں نے حضور سرورکائنات ﷺ کی س طرح پرورش و پرواخت کی اور کفار کے مقابلہ میں جس ثبات اور استقلال کے ساتھ آپ کی نُصرت وحمایت کا فرض انجام دیا۔اس کے لحاظ سے اسلام کی تاریخ میں ان کا نام ہمیشہ گزاری اور احسان مندی کے ساتھ لیا جائے گا۔

حضرت علیؓ کی والدہ ماجدہ حضرت فاطمہؓ بنت اسد نے بھی حضرت آمنہؓ کے اس یتیم معصوم کی ماں کی طرح شفقت ومحبت سے پرورش کی۔متند روایات کے مطابق وہ مسلمان ہوئیں اور ہجرت کر کے مدینہ گئیں ان کا انتقال ہوا تو رسول اللہ ﷺ نے کفن میں اپنی قمیص مبارک پہنائی اور قبر مین لیٹ کر اس کو متبرک کیا۔لوگوں نے اس عنایت کی وجہ دریافت کی تو فرمایا کہ ابوطالب کے بعد سب سے زیادہ اسی نیک سیرت خاتون کا ممنون احسان ہوں۔

حضرت علیؓ ی بعث سے دس سال برس پہلے پیدا ہوئے تھے،ابوطالب نہایت کیثر الصیال اور معاش کی تنگی سے نہایت پریشان تھے۔قحط وخشک سالی نے اس مصیبت میں اور بھی اضافہ کر دیا۔اس لئے رحمتہ اللعالمین ﷺ نے محبوب چچا کی عسرت سے متاثر ہو کر حضرت عباسؓ سے فرمایا کہ ہم اس مصیبت و پریشان حالی میں چچا کا ہاتھ بٹانا چاہیے ،چنانچہ حضرت عباسؓ نے حسبِ ارشاد جعفر کی کفالت اپنے ذمہ لی اور سرور کائنات ﷺ کی نگاہ انتخاب نے علیؓ کو پسند کیا۔چنانچہ وااس وقت برابر حضو ﷺ کے ساتھ رہے۔

Downloaded from Atta-Shad College Digital Library

حضرت علیؓ المرتضیٰ شیرِ خدا کے اقوال

مسلم اسلم بلوچ سیکنڈ ئیر

۱: تم دوست سے ایسا رویہ اپناؤ جیسا کہ تم اس کے غلام ہو۔ لیکن یہ یاد رکھنا! یہ رویہ اس سے رکھنا جو اس کی لائق ہو۔۔

۲: ہر وہ دن تمہارے لئے عید ہے۔ جس دن تم اپنے ''ماں'' سے مسکراتے بات کرو۔۔

۳: جب آپ کسی سے روٹ کہ نفرت سے بات کروگے۔ اور وہ اس کا جواب محبت سے دے۔ تو سمجھ جانا کہ آپکو خود سے زیادہ پیار کا تا ہے۔

۴: اللہ نے عورتوں کا حُسن چہروں میں اور مردوں کا حُسن انکی باتوں میں رکھا ہے۔

۵: لوگ محوِ خواب ہیں۔ مریں گے تو ہوش آئے گا۔

۶: کبھی کسی کو وقت سے پہلے اور مقدر سے زیادہ نہیں ملا۔

۷: انسان اپنے زبان کے نیچے پوشیدہ ہے۔

۸: کسی دوسرے کا غلام مت بنو جبکہ اللہ تعالیٰ نے تم کو آزاد پیدا کیا ہے۔

۹: جس نے اپنی آپ کو پہچان لیا۔ اس کیلئے کوئی بڑا خطرہ یا دھوکہ کا اندیشہ نہیں۔

۱۰: دنیا اس لئے بری نہیں کہ یہاں برے لوگ زیادہ ہیں بلکہ دنیا اس لئے بری ہے کہ اچھے لوگ خاموش ہیں۔

۱۱: ہزاروں دوستوں میں اس ایک دوست عزیز رکھنا جو تمہاری غیر موجودگی میں تمہارے عزت پر کوئی داغ برداشت نہ کرے۔

۱۲: جو شخص کل کو اپنی موت کا دن سمجھتا ہے۔ اسے موت کے آنے سے کوئی تکلیف محسوس نہیں ہوتا۔

۱۳: کسی دوسرے کے گرنے پر خوشی محسوس مت کرو، کیا معلوم کل تیرے ساتھ کیا ہو۔

۱۴: دوست کتنا ہی بُرا بن جائے۔ کبھی اس سے دوستی مت توڑنا پانی کتنا بھی بُرا ہو آگ بجھانے کے کام آجاتا ہے۔

۱۵: کسی کو تم دل سے چاہو اور آپ کو بھلا دے۔ تو وہ اس کی بدقسمتی ہے۔ آپ کی نہیں۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

غزوات

ظہیرالدین سیکنڈ ائیر

جب سے مسلمانوں نے مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ مین پناہ لی تھی۔ کفارِ مکہ نے انہیں مختلف دوشوں سے اذیت دینے کا سلسلہ جاری رکھی مسلمانوں کو کچلنے کے لئے سردارں مکہ نے رئیس المنافقیں عبداللہ بن ابی کو تحریری شکل میں پیغام بھیجا کہ مسلمانوں کو مدینہ سے نکال باہر کرو ورنہ ہم تم پر حملہ آور ہوں گے۔ اس زمانے میں انصارِ مدینہ کے سردار حضرت سعدؓ بن معاذ حج کرنے کیلئے مکہ جا چکے تھے۔ وہاں ابو جہل نے آپؓ سے کہا کہ تم نے ہمارے جانی دشمنوں (مسلمانوں) کو مدینہ مین امن وچین سے رہنے دیا ہے۔ انہیں مدینے سے نکال دو بصورت دیگر ہم تمہیں حج کرنے نہیں دیں گے۔ حضرت سعدؓ نے جواب میں کہا کہ تم نے حج کرنے نہیں دیا تو ہم اسکے عوض تمہارا شام کی تجارت کا راستہ روک دیں گے۔ یہ تجارتی شاہرہ یمن سے شام کی طرف ساحل بحر احمد کے ساتھ ساتھ جاتی تھی۔ اور مشرکوں کی اقتصادی خوشحالی اس تجارت پر منحصر تھا۔ واضع رہے کہ مشرک قبائلوں کی تجارت دیگر مقامات میں بھی چل رہی تھیں۔ اس لئے یہ بات مخالفیں میں تلملاٹ واطمینانی کی سی کیفیت پھیلانے کی موجب بنی۔ مشرکوں کو یہ ڈر تھا کہ باہمی مربھیڑ کی صورت میں تجارتی شاہرہ پر مسلمانوں کا قابض ہونے کا خدشہ ہے۔

یہی بات طرفین کی مابین جنگ کا علت بنی۔ اس کے علاوہ جنگ کی ایک وجہ یہ بھی تھی کا کفارِ مکہ کے سردار ابو سفیان کی قیادت میں ایک ہزار اونٹ جس پر پچاس ہزار کی مالیت کا سازوساماں لدا ہوا تھا لے کر مکہ واپس آرہے تھے۔ جب نبی اکرم ﷺ کو اس کارواں کا علم ہوا تو آپ نے تجویز پیش کی اس کاروان پروار کر کے کفار مکہ کی طاقت کو کمزور

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کردی جائے۔ جب ابوسفیان کو اس بات کا پتہ چل گیا تو اس نے پیغام لکھ بھیجا کہ قافلے کی دفاع کی خاطر ہماری مدد کو روانہ ہو جاؤ ورنہ ہماری یہ بیوپاری گروہ جس مین تقریباً مکہ کے تمام گھرانوں کے ساماں شامل تھا۔ مسلمانوں کے لوٹ کھسوٹ کا شکار ہو جائے گا۔ پیغام پہنچتے ہی یہ ڈھنڈراپیٹ دیا گیا کہ مسلمان تمہارے قافلے کو لوٹنے کو درپے ہیں فوری طور پر تیار ہو کر اس کی مدد کو پہنچو۔ چنانچہ ابوجہل کی ماتحتی میں ایک ہزار افراد کا لشکر تیار ہو کر جن میں ۶۰۰ نے لوہے کی زریں پہن رکھی تھیں۔ مدینے پر وار کرنے کے ارادے میں روانہ ہوئے ۔ اُنکے پاس ۱۰۰ گھوڑے اور سینکڑوں کی تعداد میں اونٹ تھے۔ جب کہ مسلمانوں کی تعداد تین سو تیرہ تھیں جن میں سات منظرین اور باقی انصار تھے۔ اور انکے پاس دو گھوڑے ستر اونٹ اور کل چھ زرہین تھیں۔ اب آگے دیکھیں کہ تعداد جو مات دے کر فتح یابی کے دروازے تک پہنچ گے۔ ادھر ابوسفیان بچ نکلنے میں کامیاب ہو گئے۔ اس نے کفار کو اطلاع دی کہ ہم خطرے سے باہر ہیں لہٰذا تم بازگشت ہو جاؤ مگر کفارِ مکہ کا لشکر غنودگی میں چور چور تھا ، اپنے اداروں کو اور مستحکم کر کے بدر نامی مقام پر پڑاؤ ڈالا۔ (یہ مقامِ مدینے سے تقریباً ایک سو پچیس کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔ یہاا لوگ گھوڈے لیں اور کھیل کھیلا کرتے تھے) جب نبی اکرم گو اس صورتِ حال ست آگاہ کردیا گیا تو آپ نے مشورہ فرمایا کہ بدر کے مقام پر اپنا خیمہ نصب کرنت کا فیصلہ کیا۔ اسی رات اللہ تعالیٰ نے موسلادھار بارش برسائی جس سے مشرکیں مکہ کی پیش رفت رُک گئی۔ اور مسلمانوں کا ہمت و حوصلے بلند ہونے لگے۔ حضور ﷺ نے یہ ساری شب دُعا مانگنے میں گزاردی۔

اگلے روز ۱۷ رمضان ۲ ھجری بروز جمعہ طرفین میدان جنگ میں رُوبرو ہو گئے۔ واضع رہے دنیا کی تاریخ میں یہ جنگ انوکھی جنگ تھی جس میں دین کے رشتے کے علاوہ سب رشتے ناطے اللہ کی خاطر یاد نہ رکھے گئے۔ آج بیٹا ابوعبیدؓ اپنے مشرک باپ عبداللہ کو قتل کرنے میں تُلا ہوا ہے اور اسی طرح باپ بیٹے کو۔ تو عرب طرز کے مطابق اکا دکا لڑائی کا آغاز ہوا۔ فوج کفار سے شیبہ ولید اور عُتبہ نے میدان میں آکر مسلمانوں کو للکارا۔ اسی

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

طرح فوج اسلام سے حضرت علیؓ نے حضرت حمزہؓ اور عبیدہؓ بن حارث نے ان کے مقابلے میں محاذِ جنگ میں قدم رکھا۔انہوں نے ان تینوں کافروں کو موت کی نیند سُلا دیا۔اس کے بعد عام جنگ شروع ہوئی۔اور جوش وخروش سے جاری رہی۔رسول اللہ ﷺ نے ایک مٹھی بھر کنکریاں اٹھا کر اُن پر ''دشمن کا منہ کالا ہو'' پڑھ کر کفار پر پھینک دیا۔جس سے کفار کی آنکھیں پتھرا گئیں اور اضراب کے حالت میں وہ بھاگنے لگے۔اللہ تعالیٰ نے معصوم فرشتوں کو مسلمانوں کی مدد کے لئے بھیجا۔جو زرد اور سفید پگھڑیاں اپنے اپنے سر پر باندھی ہوئیں تھیں۔انصاری اور کم سن معاذؓ اور مصورؓ نے مشرکوں کے کمانڈر یا سپہ سارا ابوجہل کو مار ڈالا۔ جب معاذؓ نے ابوجہل پر وار کیا تو اُس کے بیٹے عکرمہ نے معاذ کے کندھے پر تلوار مار کر زخمی کردی۔زخمی کندھا جنگ میں حائل تھی لہذا معاذ نے اسے اپنے جسم سے الگ کردی۔اب وجہل کو موت کے گھاٹ اتارنے کے دشمنان اسلام کے حوصلے پست ہونے لگے۔صحابہ نے جان نثاری کا مظاہرہ کرتے ہوئے کافروں کو مار ڈالنت کا سلسلہ جاری رکھا۔لڑتے لڑتے حضرت عکاشہؓ کی تلوار ٹوٹ گئی۔یادرہے آپؐ نے عکاشہ کو لکڑی دیا تھا اور وہ لکڑی میدان میں تلوار کی شکل اختیار کرگئی۔اس غزوے میں ستر مشرک قتل بشمول بڑے سردار ستر گرفتار کر لئے اور باقی فرار ہو گئے۔دوسری طرف چودہ صحابہ کرام رضوان اللہا جمین شہید کر لئے گئے۔جن میں ۶ مہاجر اور ۸ انصار تھے۔آپؐ نے مشرکیں کے ان قیدیوں میں کچھ تو نگر قیدیوں سے فدیہ لے کر ان کو رہا کردیا۔اور جن کو معاوضہ دینے کیا ستعداد نہیں تھی۔ان کے بارے میں طے ہوا۔اگر وہ مسلمانوں کے دس دس بچوں کو لکھنا پڑھنا سکھا دیں تو انہیں چھوڑ دیا جائے گا۔یہ غزوہ ہمیں حضرت خالد بن ولیدؓ کی بات یاد دلاتا ہے کہ جنگ میں جیت انحصار تعداد یا تلوار کی کثرت سے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی مدد پر ہے۔مسلمانوں نے عظیم الشان فتح حاصل کر کے مشرکیں کو گھمنڈ کو مٹی میں ملا دیا۔غزوہ بدر کے متعلق ایک مغربی معقق نے لکھا ہے کہ جنگِ بدر سے قبل مذہب اسلام محض ایک مذہب تھا لیکن جنگ کے بعد وہ مذہب ریاست میں تبدیل ہوگیا۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

جنگ بدر میں مشرکوں کو مسلمانوں کے ہاتھوں بہت نقصان پہنچا۔ عتبہ اور شیبہ بڑے ٹھاکر مارے جا چکے تھے۔ اسی لئے مشرکینِ مکہ کے دل میں انتقام کی آگ شعلے کی طرح بھڑک رہی تھی تمام سردارن قریش نے متفقہ طور پر بدر کی شکست کا بدلہ لینے کا تنبیہ کیا اور مقتول کے ورثاء کو سوگ منانے کے لئے ممنوع فرمایا۔ پورے ایک سال کی تیاریوں کے بعد مشرکین مکہ نے ابو سفیان کی قیادت میں (جو اس وقت اسلام نہیں لائے تھے) تین ہزار اونٹ اور دو سو گھوڑے لے کر مکہ سے مدینے کی سمت روانہ ہوئے۔ مردوں کو غیرت دلانے کی غرض سے معزز گھرانوں کی خواتین مثلاً ہندہ اُم حکیم اور فاطمہ لشکر میں شامل تھیں۔ اس لشکر نت مدینہ سے چھ میل اُحد کے پہاڑ کے نزدیک عارضی سکونت اختیار کی۔ اس لئے اس غزوے اُحد کہا جاتا ہے۔ جوں ہی رسول اللہ ﷺ کے چچا حضرت عباسؓ کو مشرکین کی فوج کا مدینہ پر حملہ کرنے کی خبر پڑی تو حضرت عباسؓ نے تیز رفتار سفیر کے ذریعے اس حملہ لشکر کے بارے میں رسول اکرمؐ کو آگاہ کر دیا۔

آپؐ نے اجلاس سے مشورہ فرما کر شہر سے باہر جنگ کرنے کا فیصلہ فرمایا۔ چنانچہ آپؐ نے ایک ہزار کا فوج لے کر ۶ شوال بروزِ جمعہ بعد نماز عصر مدینہ سے روانہ ہوئے۔ تھوڑی دیر بعد منافقوں کے سردار عبداللہ بن ابی نے غداری کر کے تین سو ساتھیوں سمیت جدا ہو گیا۔ اب مجاہدین کی تعداد صرف سات سو رہ گئی جن میں صرف ایک سو کے پاس ہتھیار تھے۔ مگر ان مجاہدین کے قلب ایمان سے منور اور معصور تھے۔ میدان جنگ میں پہنچ کر آپ نے اسلامی فوج کو مختلف حصوں میں منظم کا اہتمام فرمایا۔ آپؐ نے مقامی امیر حضرت عبداللہ بن جبیر کی ماتحتی میں پچاس تیر انداز کو پہاڑ میں ایک درہ پر مقین کیا جہاں دشمنان اسلام کی حملے کا خدشہ تھا۔ آپؐ نے تاکید فرمائی کہ ہماری جیت ہو یا ہار کسی بھی صورت میں اپنی جگہ سے نہ ہٹنا۔ جب جنگ کا آغاز ہو تو کافروں کے علمبردار طحہ نے میدان جنگ میں اُتر کر مسلمانوں کو للکارہ۔ تو حضرت علیؓ بن ابی طالب نے آگے بڑھ کر اس کو مات کے حوالے کر دیا۔ اس کے بعد اس کا بیٹا مقابلے میں نکلا تو حضرت حمزہؓ نے اُسے مار ڈالا۔ اسی

گورنمنٹ عطاشاد ڈگری کالج تربت
Downloaded from Atta Shad College Digital Library

طرح دس کافر علمبردار مارے جاتے رہے۔اب عام جنگ زوروشور سے شروع ہوئی۔جان نثار صحابہ کرام حضرت علیؓ، حضرت حمزہؓ اور حضرت ابودؓجانہ انصاری نے اپنی جان کا پرواہ نہ کرتے ہوئے کافروں کی لاش کا ڈھیر لگاتے رہے۔کفارت بدحواسی کے عالم میں میدان جنگ چھوڑ کر بھاگنے لگے اور مسلمانوں مال وغنیمت سمیٹنے لگے۔

بدقسمتی سے درّیے پر مقرر چالیس تیراندازوں نے جنہوں نے مشرکوں کے تین حملے روکے تھے، مسلمانوں کو فتح یاب سمجھ کر درّہ چھوڑ کر مال غنیمت سمیٹنے لگ گئے۔حضرت عبداللہ بن جبیرؓ کتنا ہی انہیں روکا مگر انہوں نے یہ سمجھا کہ لڑائی اختتام پزیر ہوچکی ہے۔درّے پر اب صرف دس تیرانداز رہ گئے۔نتیجہ یہ نکلا کہ خالد بن ولیدؓ جو ابھی تک ایمان نہیں لائے تھے۔درّہ خالی دیکھ کر لوٹ آئے۔انہوں نے حملہ کرکے دس مجاہدین جو شہیدی کے منہ تک پہنچادیا۔اس خلاف متوقع حملے سے مسلمان تربتر ہوگئے۔

آپؐ کے پیارے چچا بید الشہیدہ حضرت حمزہؓ حبشی غلام کے ہاتھوں بے دردی سے شہید کرلئے گئے۔ہندہ کے حکم پر اس درندے نے آپؓ کے کان ناک کاٹ کر آپؓ کا سینہ چیر دیا اور ہندہ نے آپؓ کے جگر، پھیپھڑوں کو چبا کر ہار بنا کے پہن لیا۔کیا گزر چکا ہوگا۔نبی محمدﷺ کے دل پر جب یہ سانحہ پیش آیا تھا۔میری ولم اس کیفیت کو الفاظ میں لکھنے سے قاصر ہے۔اسی طرح غزوہ کا شبیہ وحلیہ یکدم بدل گیا اور حق وحداقت کے مجاہدین کی جیت ہار کی شکل اختیار کرنے لگی۔حضرت مصعبؓ بن عمیر کی صورت آپﷺ سے ملتی جلتی تھی وہ آپ کو بچانے کی کوشش میں شہید ہوگئے تھے۔

اتنے میں کافروں نے یہ افواہ اڑائی کہ رسول اکرمﷺ شہید ہوگئے۔اس سے نہ صرف مجاہدیں کے ہوش اڑ گئے بلکہ جنگ کا شیرازہ بھی بکھر گیا۔صرف چودہ صحابہ کرام آپﷺ کے آس پاس جمع ہوگئے ان میں سے حضرت علیؓ، حضرت ابوبکرؓ، حضرت ابودجانہؓ، حضرت سعدؓ بن ابی وقاس، حضرت زبیرؓ اور حضرت طلحہؓ شامل تھے۔حضرت طلحہؓ آپؐ کے سامنے ڈھال بن گئے انہیں اس دن چالیس یا ستر کے نزدیک زخم آئے تھے اور ایک ہاتھ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

ہمیشہ کے لئے کھو بیٹھے۔ اسی اثناء میں کافر نے ایک پتھر پھینک کر آپ ﷺ کو دو دانت مبارک شہید کر دیے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین نے آپ کو محفوظ پہاڑ کی چوٹی پر لے گئے۔ حضرت خالدؓ بن ولید اور ابو سفیانؓ نے آپ کے تعاقب میں آپؐ پر حملہ کرنے کی کوشش کی مگر جان نثاروں نے ان کا حملہ پسپا کر دیا۔ ابو سفیان نے آواز دے کر کہا۔ ''ہبل زندہ باد'' تیرا دین ممتاز ہوا۔ یہ اسی طرح ممتاز ہوتا رہے گا۔ حضور اکرام ﷺ نے سُن کر عمر فاروقؓ سے فرمایا ''حضرت عمر اٹھو اس کی جواب میں کہو کہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہی سر بلند و ممتاز رہے۔

ہماری تمہاری کوئی بات برابر نہیں، ہمارے شُہدا ایں جنت میں ہیں۔ جہاں ان کی من مانی چلے گی۔ اور تمہارے مقتول جہنم کی دہکتی اور لہکتی آگ میں ہیں'' حجرت عمرؓ نے یہ آواز بلند یہ الفاظ میں دہرائے ابو سفیان نے جواب میں پھر کہا'' ہمارے لئے مصود عزیٰ ہے جب کہ تمہارے لئے کوئی عزیٰ نہیں'' آپؐ نے عمرؓ کے ذریعے جواب فرمایا'' ہمارا مالک اللہ ہے جب کہ تمہارا کوئیما لک نہیں'' اس وقت تک ابو سفیان کا خیال یہ تھا کہ نبی کریم ﷺ کو قتل کیا جا چکا ہے۔ اُدھر سے ابو سفیان کی باتون کا جواب بھی حضرت عمرؓ دے رہے تھے۔ اس سے اور زیادہ اعتبار ہو گیا۔

آخر اس نے حضرت عمرؓ کو سامنے آ کر بات کرنے کے لئے کہا۔ آپ نے حضرت عمرؓ کو اس کے پاس جا کر دیکھنے کے لئے فرمایا کہ وہ کیا کہتے ہیں، چنانچہ حضرت عمرؓ نے آپ کی فرمان کی تعمیل فرمائی'' عمرؓ کیا حقیقت میں ہمارے کسی ساتھی محمد ﷺ کو مار ڈالا ہے؟ ابو سفیان نے پوچھا'' نہیں اللہ کی قسم اللہ کے رسول اس وقت تیری باتیں سُن رہے ہیں'' حضرت عمرؓ نے جواب دیا۔ ابو سفیان نے کہا'' تم میرے نزدیک ابن قمیہ سے زیادہ قابل بھروسہ ہو'' (ابن قمیہ نے نبی کریم ﷺ کی قتل کی خبر اڑائی تھی) اچھا اگلے سال پر میدان بدر میں ہماری ملاقات ہوگی'' '' ٹھیک ہے۔ ہمارا تمھارا ملنے کا وعدہ رہا'' نبی اکرم ﷺ کی طرف سے جواب دیا گیا۔ آپ نے پھر شُہدا کی طرف توجہ فرمائی'' آپ نے صحابہ

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کرام رضوان اللہ اجمعین سے فرمایا" کوئی ہے۔ جو سعدؓ بن ربیع کی حال لائے کہ وہ زندہ ہیں یا مارا جا چکے ہیں۔ اس لئے کہ میں نے ان کے اوپر تلواریں چمکتے دیکھی تھیں۔ ایک انصاری صحابی سعدؓ بن ربیع کی جستجو کے لئے آمادہ ہوا۔ آپ نے ان سے فرمایا" اگر تم سعدؓ کو زندہ پاؤ تو اُن سے میرا اسلام عرض کرنا اور کہنا میں پوچھتا ہوں کہ تمہارا کیا حال ہے۔" انصاری صحابی سعدؓ کو تلاش کرتے کرتے ان کو ایک مقام پر زخموں سے برادہ وریز پڑا پایا۔ اس وقت ان میں کچھ زندگی کے آثار دکھائی دے رہے تھے۔

انصاری صحابی نے فوراً ان سے کہا کہ نبی ﷺ نے تمھارا حال معلام کرنے کے لئے بھیجا ہے۔ یہ سن کر حضرت سعدؓ نے کہا" نبی اکرم ﷺ سے میرا اسلام پچا کر کہنا باری تعالیٰ آپ کو ہماری طرف سے بہتریں جزاء عطا فرمائے وہ جزا جو ایک امن کی طرف سے اسکے نبی کو مل سکتی ہے۔ اور اپنی قوم کو میرا اسلام عرض کر کے کہنا کہ اگر تم نے اس حالت مین بھی دشمن اور حریف کو رسول اللہ تک پہنچ دیا کہ تم میں ہونٹ ہلانے یا آنکھ جھپکنے کی سکت موجود ہے یا تم میں ایک شخص کی بھی موجودگی میں دشمن رسول اللہ تک پہنچ گئے تو اللہ کے ہاں کوئی حیلہ بہانہ قبول مہیں ہوگا" چند لمحوں بعد آپؓ خالق کائنات سے جا ملے، نبی کریم ﷺ نے کی شہادت کی خبر پا کر فرمایا اللہ سعدؓ بن ربیع پر رحمت نازل فرمائے کہ انہوں نے صرف رسول اللہ کے لئے زندہ اور مردہ دونوں حالتوں میں خیر خواہی و دورندیشی کی" اب لڑائی اپنی اختتام تک پہنچ چکی تھی۔ اور مشرکین میدان چھوڑ کر جا چکے تھے۔

اس جنگ میں ستّر کے قریب مسلماں شہید اور 23 مشرکیں قتل کیے جا چکے تھے۔ اس جنگ میں مسلمانوں کو جیت حاصل ہونے والی تھی کہ چند تیر اندازوں کی فراموشی و بے پروائی کی وجہ سے یہ جیت ہار میں تبدیل ہوگئی۔ حضور اکرام ﷺ نے تیر اندازں کو شکست یا فتح کوئی بھی صورت میں درّہ نہ چھوڑنے کی تاکید فرمایمگر تیر اندازوں نے یہ سمجھ کر لڑائی ختم ہو چکی ہے۔ درّے سے ہٹ گئے۔ نتیجتاً مسلمانوں کو فرمان رسول کی بھول چوک کا خمیسازہ اٹھانا پڑا۔ اس جنگ سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ فرمان برداری امیر سے ذرا سا مکر جانا بڑی

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

خسارہ کا باعث بن سکتا ہے۔ اس لئے جیت ہو ہار کامیابی ہو یا ناکامی ہر حال میں امیر کی فرمان برداری ضروری ہے کیوں کہ نبی ﷺ نے اطاعت امیر کی وقعت واہمیت ان الفاظ میں بیاں فرمائی کہ ”اگر تم پر حبشی غلام بھی امیر مقرر کر دیا جائے تو اسکی بھی فرمان برداری کرنا“

غزوہ احد کے بعد مختلف عرب قبیلوں اور یہودیوں نے اپنی بیبا کی اور گندی حرکتوں سے مسلمانوں کو اضطراب میں رکھا ہوا تھا۔ مگر آپ ﷺ کے پالیسی سے جزیرہ عرب میں ہر سو امن وامان بحال ہوا، یہودیوں نے جب یہ دیکھا کہ مسلمان امن وسکون کے حالت میں ہیں تو انہیں بہت ٹھیس پہنچا اور انہوں نے مسلمانوں کے خلاف نئے سرے سے نساز باز شروع کی۔ چنانچہ بیس سردار کے ایک وفد نے جاکر قریش مکہ کو مسلمانوں کے خلاف جنگ کرنے پر آمادہ کیا اور یہ یقین دہانی بھی کی کہ ہمارا بھرپور تعاون آپ کے ساتھ رہے گا۔ بعد ازاں اسی وفد نے قبیلہ بنو غطفات کو بھی مدینے پر حملہ کرنے کے لئے راضی کیا۔ اسی طرح اس وفد نے مختلف عرب قبائل سے ملاقات کر کے ان کو مسلمانوں کے خلاف بھڑکا کر بیس ہزار یا دوسری روایت میں چوبیس ہزار کے لشکر کو ابو سفیان کی قیادت میں جنگ کے لئے آمادہ کیا۔ مدینہ کے بدوی غنیم قبائل کا گزر راہ چور چکاری پر تھا۔ رسول اکرم ﷺ نے کئی باران کو اس نازیبا حرکت پر سزادی تھی۔

غنیم بدوی قبائل نے اس موقع کو غنیمت جانا اس لشکر میں شمالیت اختیار کی۔ جوں یہ لشکر کفار نے اپنی جگہ سے حرکت کیا۔ مدینے کے مخبروں نے آپ ﷺ کو اس فوج کی حملے کا خبر پہنچائی۔ آپ ﷺ نے حضرت سلمان فارسیؓ کی رائے سے صحابہ کرامؓ کی دس دس کی ٹولی بنا کر بیس دن کے اندر مدینے کے شمال کی طرف خندق کھودنے کا فیصلہ کیا۔ یہ یاد رکھنے کی بات ہے کہ مدینہ شمال کے سوا باقی تینوں سمت باغات، چٹانوں اور پہاڑوں سے گھا ہو تھا۔ اس لئے ان سمیت سے وار کرنا سہل نہ تھا۔ چونکہ اس زبردست فوج میں عرب کے بڑے احزاب یعنی گروہ شامل تھے۔ اس لئے اس غزوے کو غزوہ احزاب بھی کہتے ہیں

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

۔(اور غزوۂ خندق بھی) خندق کھودنے کے دوران ایک پتھریلی چٹان آگئی جو کسی طور پر ٹوٹنے سے انکار کررہی تھی۔ آپ ﷺ نے کدال سے ایک ضرب لگائی وہ ریزہ ریزہ ہوگئی ۔لشکرِ کفار جب حملہ کرنے کیلئے آئی تو یہ خندق دیکھ کر بدحواس رہ گئے کیوں کہ انہیں اس قسم کی لڑائی کا مشاہدہ ہی نہیں تھا۔ خندق مسلمانون اور کافروں کے درمیان حائل تھی۔ کافر عزم صمیم سے اس سعی میں رہے کہ کیسے خندق کو عبور کرسکیں مگر دوسری طرف مجاہدین کی تیراندازی سے ان کو ناکامی کا منہ دیکھنا پڑا۔ ابوجہل کا بیٹا عکرمہ اور باقی قائدین کی جنگی چال چلن اور رنگ ڈھنگ مجاہدین کا کچھ نہ بگاڑ سکیں۔ عکرمہ بن ابوجہل وغیرہ نے ایک جگہ سے خندق عبور کرکے مسلمانوں کو للکارنے کا عمل کیا۔ ان کے مقابلے میں حضرت علیؓ نکل کر کے انہیں موت کے گھاٹ اتار دیا۔ جان نثار صحابہ کرامؓ نے دن رات پہرا دے کر دین کی خاطر بھوک اور پیاس کی تکلیف سہتے رہے۔ اللہ تعالیٰ نے غیبی مدد کے طور پر ایک سخت طوفان بھیجا جس سے ان کے خیمے ہوا میں اڑ گئے اور خیموں کی تنابیں ٹوٹ گئیں اور ان کے دلوں میں مسلمانوں کی خوف اور دھاگ طاری ہوگئی اور اپنے کو متزلزل محسوس کرنے لگے۔ چنانچہ اسی رات کڑکڑاتی سردی میں مشرکین نے بے ساختہ مدینہ کا محاصرہ اٹھا کر مکّہ لوٹ گئے۔ مورخین نے اس جنگ کو نامور ترین جنگوں میں شمار کیا ہے۔ یہودیوں کے حوصلے پست ہونے سے مسلمانوں کی تعظیم بڑھ گئی اور انکی رعب داب ہر سو بیٹھ گئی۔ غزوہ احزاب کامیابی سے جیتنے کے بعد مسلمانون نے یہودیوں کو مدینہ سے نکال باہر کیا۔ اور انکی تجارتی شاہراہیں بھی بند کردیں جس سے ان کا کاروبار ٹھپ ہوکر رہ گئے۔ انکی کامیابی کا گردوپیش جے سرداروں پر اثر پڑا۔ یہی وجہ ہے کہ وہ مسلمانوں کے حلیف بن گئے اسی طرح دین اسلام دھار دار سے پھیلنے لگا۔۔۔۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

معلومات اسلام

نجیب افریق ناصرآبادی (ایف۔اے)

(۱) حضور اکرمؐ کے ساتھ فتح مکہ کے لئے 10 ہزار صحابہ تھے۔
(۲) غزوہ اُحد میں مسلمانوں کی تعداد سات سو تھی۔
(۳) غزوہ بدر میں مسلمانوں کی تعداد 313 تھی۔
(۴) غزوہ احد کے موقع پر منافقین نے مسلمانوں کا ساتھ دینے سے انکار کر دیا اور کھل کر سامنے آگئے۔
(۵) حضور اکرمؐ نے مدینہ پہنچنے کے فوراً بعد یہود کے ساتھ مدینہ کے دفاع کے لئے ایک معاہدہ کیا جس کو میثاق مدینہ کہتے ہیں یہ دنیا کا پہلا تحریری دستور مانا جاتا ہے۔
(۶) اسلام میں سب سے پہلی مسجد قبا ہے۔
(۷) عام الحزن سے مراد غم کا سال ہے۔ 10 نبوی شعیب ابی طالب سے واپسی کے کچھ عرصہ بعد آپؐ کے چچا ابو طالب اور آپؐ کی زوجہ محترمہ حضرت خدیجہؓ کا انتقال ہو گیا۔ اور آپؐ دنیاوہ لحاظ سے دو بہترین سہاروں سے محروم ہو گئے۔ اس لئے اس سال کو عام الحزن کہتے ہیں۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library
گورنمنٹ عطا شاد ڈگری کالج تربت

(۸) آپؐ کی وفات 12 ربیع الاول 11 ہجری کو ہوئی اور 13 ربیع الاول کو دفن کئے گئے۔

(۹) حضرت امام حسینؓ 2 محرم 61 ہجری کو میدان کربلا میں تشریف لائے۔

(۱۰) حضرت علیؓ کو عبدالرحمٰن بن ملجم نے 40 ہجری میں شہید کیا۔

(۱۱) حضرت عمر فاروقؓ کو حضرت ابوبکر صدیقؓ نے 13 ہجری میں خلیفہ نامزد کیا۔

(۱۲) خندق کھودنے کا مشورہ حضرت سلمان فارسیؓ نے دیا۔

(۱۳) غزوہ خندق کو غزوہ احزاب اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ تمام عرب کی تمام اسلام دشمن جماعتوں نے متحد ہو کر مدینہ پر حملہ کیا تھا۔

(۱۵) آپؐ کی شادی مکہ کی امیر ترین عورت حضرت خدیجہؓ سے ہوئی۔

(۱۶) آپؐ کا تعلق قریش کی شاخ بنو ہاشم سے تھا۔

(۱۷) آپؐ کے والد آپؐ کی پیدائش کے چھ ماہ پہلے اور والدہ کا انتقال چھ سال کی عمر میں ہوا۔

(۱۸) دوسری ہجرت میں 101 افراد شامل تھے جس 83 مرد اور 18 عورتیں شامل تھیں۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

مسجد

اسماعیل مشتاق (صلالہ بازار تربت)

ترجمہ: اور یہ کہ مسجدیں اللہ کیلئے ہیں لہٰذا (ان میں) اللہ کے ساتھ کسی اور کو نہ پکارو۔

قرآن پاک میں ایک اور جگہ فرمان الٰہی ہے:

بے شک اللہ کی مسجدیں تو وہ آباد کرتے ہیں جن کا اللہ اور یوم آخرت پر ایمان ہے۔

مسجد وہ عبادت گاہ ہے جو صرف اللہ تعالیٰ کی عبادت کیلئے مخصوص ہے۔ مسلمان تلاوت قرآن اور اللہ کے ذکر سے انہیں آباد کرتے ہیں۔ دنیا اور آخرت کی بھلائی کیلئے دعا کرتے، علم سیکھتے اور سکھاتے ہیں۔ علاوہ ازیں مسلمان مسجد میں دین و دنیا کے مسائل کو سلجھاتے ہیں۔ باہم مشورہ ہوتا ہے اور ایک دوسرے کی رہنمائی سے کام بہتر طور پر انجام پاتے ہیں۔ اسلامی معاشرے میں مسجد کو بہت اہمیت حاصل ہے۔ مسلمان دنیا کے جس گوشے اور بستی میں رہتے ہیں وہاں عبادت کیلئے مسجدیں تعمیر کرتے ہیں۔ مسجد اسلام کی اجتماعی زندگی کا سب سے اہم مرکز ہے۔ مسجد میں باجماعت نماز کی ادائیگی کیلئے جانے والے مسلمانوں میں محبت اور ہمدردی پیدا ہوتی ہے اور آپس میں ایک دوسرے کی خدمت کا موقع ملتا ہے۔ تعلیم وتربیت اور بہترین اخلاق کی تعمیر کے سلسلے میں مسجد اہم کردار ادا کرتی ہے۔

مسجد کی ضرورت واہمیت:

مساجد کی ضرورت قرآن کریم کی تعلیم کے علاوہ دنیاوی تعلیم وتربیت کے مواقع بھی حاصل ہوتے ہیں، بعض اوقات قریب کوئی سکول نہ ہونے کے باعث علاقے کے لوگ مسجد میں دینی اور دنیاوی تعلیم کا انتظام کرلیتے ہیں، جس سے ایک طرف علم کو فروغ ہوتا ہے تو دوسری طرف افراد کی تربیت اور خدمت بھی ہوتی ہے۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

مسجد کے اجتماعی فوائد:

مسجد جہاں ایک طرف اللہ کی عبادت کرنے کی جگہ ہے وہاں دوسری طرف افراد کی دینی، سماجی، اخلاقی اور روحانی اصلاح کا ذریعہ بھی ہے۔ اسکے علاوہ مسجد مسلمانوں میں اتحاد و اتفاق اور اخوت کی علامت بھی ہے۔ محلے کی مسجد میں جب مسلمان دن میں پانچ مرتبہ اکھٹے ہو کر ایک امام کے پیچھے باجماعت نماز ادا کرتے ہیں تو امیر کی اطاعت اور مساوات کا درس ملتا ہے۔ اسکے علاوہ جمعہ کے دن جامع مسجد میں نماز ادا کرنے سے سماجی اور معاشرتی تعلقات میں نہ صرف اضافہ ہوتا ہے بلکہ یہ ایک دوسرے کی خدمت کرنے، سماجی اور تجارتی تعلقات میں اضافے کا وسیلہ بھی ہے۔

اسلام کی سب سے پہلی مسجد

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ربیع الاول کے مہینے میں ہجرت کر کے یثرب آئے تو آپؐ کی پہلی منزل مقام قبا تھی۔ دوپہر کے وقت جب اہل قبا انتظار کر کے اپنے گھروں کو چلے گئے تو رسولؐ کی آمد ہوئی۔ اطلاع ملنے پر ۵۰۰ آدمی استقبال کیلئے آئے جن میں قبا کا سردار عمرو بن عوفؓ بھی شامل تھا۔ حضورؐ نے یہاں چند دن قیام فرمایا اور حضرت کلثوم بن الھدمؓ کی زمین پر آپؐ نے صحابہؓ کے ساتھ خود مسجد کی تعمیر فرمائی۔ آپؐ اپنے مبارک ہاتھوں سے پتھر اٹھا اٹھا دیتے رہے۔ اسلام میں یہ سب سے پہلی مسجد ہے جسے قبا کہتے ہیں۔ اس مسجد کی بڑی فضیلت نبی کریمؐ نے فرمایا۔

''اس مسجد میں دو رکعت نفل ادا کرنے کا ثواب ایک عمرے کے برابر ہے''

اس لئے مدینہ منورہ کی زیارت کیلئے جانے والے یہاں نفل ادا کرتے اور دعائیں مانگتے ہیں۔

مسجد نبویؐ کی تعمیر:

قبا میں قیام اور مسجد کی تعمیر کے بعد جب نبی کریمؐ مدینہ کی طرف روانہ ہوئے تو لوگ راستوں اور گھر کے چھتوں پر چھوٹی بچیاں خوشی سے شعر پڑھ پڑھ کر آپؐ کا استقبال کر رہی تھیں۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اونٹنی حضرت ابو ایوب انصاریؓ کے گھر کے سامنے بیٹھ گئی،

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

وہیں آپؐ نے سب سے پہلے مسجد کی تعمیر کا ارادہ فرمایا، قریب ہی دو یتیم بچوں ''سہل'' اور ''سہیل'' کی زمین اور باغ موجود تھے۔ حضورؐ نے انہیں بلایا اور زمین کی قیمت پوچھی انہوں نے زمین مفت دینے کی خواہش ظاہر کی۔ نبیؐ نے اس بات کو منظور نہ فرمایا اور قیمت ادا کر کے مسجد کی بنیاد رکھی۔ یہ مسجد، مسجد نبویؐ ہے۔

نبی کریمؐ اور صحابہؓ نے اس مسجد کی تعمیر میں حصہ لیا اور اپنے مبارک ہاتھوں سے کام کیا۔ ناہموار زمین کو ہموار کیا، درختوں کے تنوں کو مناسب بلندی سے کاٹ کر ستون بنا دیا، پتوں سے چھت ڈالی گئی اور مسجد کیساتھ ایک چبوترہ بنایا گیا جس پر چھپر تھا، اس میں اصحاب صفہ رہتے تھے جسکے گھر بار نہیں تھے اور ہر وقت علم سیکھنے میں مشغول رہتے تھے۔ حضورؐ انکے معلم تھے۔ مسجد نبوی کیساتھ ہی حضورؐ نے اپنی رہائش کیلئے حجرہ تعمیر فرمایا۔

جہاں مسجد نبویؐ نماز باجماعت، تلاوت و ذکر اور تعلیم و تربیت کا مرکز تھی وہاں مسلمانوں کیلئے معاشرتی، مذہبی اور سیاسی سرگرمیوں کا اجتماعی مرکز بھی تھی۔ نبی کریمؐ اپنا زیادہ وقت مسجد میں گزارتے صحابہؓ سے ملتے، انکی تعلیم و تربیت کیلئے ہر وقت کوشاں رہتے، دین و دنیا کی باتیں سکھاتے، مدینہ کے اردگرد کے علاقوں کے لوگوں سے ملاقات اور تبلیغ دین کا اہتمام بھی مسجد نبویؐ ہی میں کیا جاتا تھا۔

مسلمانوں کے تمام اجتماعی معاملات بھی مسجد نبویؐ میں طے ہوتے۔ اجتماعی تربیت کے سلسلے میں آداب سکھائے جاتے۔ معاشرتی معاملات کیلئے مسجد میں فیصلے ہوتے اور فریقین سے سماعت کے بعد عدالت بھی مسجد میں لگتی۔ چونکہ باقاعدہ لشکر نہیں بنا تھا لہٰذا فوجی منصوبہ بندی کیلئے مسجد میں ہی مشورہ ہوتا، وہیں پر چندا اکٹھا ہوتا، جہاد کی تیاری ہوتی اور لشکر کو جہاد کیلئے روانہ کیا جاتا، دعوت و تبلیغ کیلئے جماعت اور دوسرے علاقوں میں اسلام کی اشاعت کیلئے وفود بھیجے جاتے۔ دوسرے علاقوں سے آنے والے وفود کو بھی مسجد میں ہی ٹھرایا جاتا اور انکی خدمت کا بندوبست کیا جاتا۔ فوجی تربیت کیلئے بھی بعض اوقات مسجد کا صحن استعمال ہوتا۔ مختصر یہ کہ دین سے متعلق تمام معاملات مسجد نبویؐ میں ہی طے پاتے۔

☆☆

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

نیکی علم ہے

عادل بلوچ ایف اے سیکنڈ ئیر

علم کا مطلب کسی بات کو جاننا ہے اور چیزوں کی کارکروگی سے واقف ہونا ہے ۔سقراط سے قبل virtue یعنی نیکی اور خیر کا تصور کچھ مختلف تھا۔قدیم یونانی virtue کے معنی اپنے بزرگوں اور اجداد کے کارناموں کو کہتے تھے۔ان کا کہنا تھا کہ ان کے اجداد نے جو کچھ ماضی میں کیا وہ درست اور ٹھیک ہی تھا۔

لیکن سقراط کا دعویٰ تھا کہ اخلاقی فضلیت ایک طرح کا علم ہے کیوں کہ نیکی کا اظہار جس عمدگی سے افعال ہوتا ہے کسی اور طرح نہیں ہوسکتا۔نیکی کم علم کے بغیر مکمل نہیں ہو سکتی اس طرح نیکی کے مقاصد پورے طور حاصل نہیں کیے جاسکتے۔علم عمل کے لئے محرک پیدا کرتا ہے۔اس لئے جتنا علم بہتر ہوگا نیکی اُتنی ہی اعلیٰ اور ارفع ہوگئی۔کسی نیکی اور خیر کا یقین ایک حدتک نتائج کی بھلائی یا بُرائی سے ہوتا ہے۔اس لئے اسی سبب سے ایک فعل کے نتائج کا علم جو اس سے فاعل ہوں یا دوسروں پر مرتب ہو تو اس لئے عمل کرنے کا کردار صائب ہونا ضروری ہے۔فضلیت اور نیکی بُصیر ت کی ہی ایک صفت ہے اخلاقی فضائل میں بھی نیکی کا علم ضروری ہے۔

جو شخص اخلاقی اعتبار سے نیک اور صاحب فضلیت ہوتا ہے وہ رواج اخلاق اور قانون کا ہمیشہ احترام کرتا ہے۔ایسا شخص خلاترسی سے کام لیتا ہے۔اموآلی کے مطابق عمل کرنے کا مطلب ہوتا ہے اس لئے سُقراط کا کہنا ہے نیکی علم ہے ایک سائنسی اور آفاقی سچائی ہے--

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

وقت کی قدر کیجیے

نصر اللہ حیدری

وزیر یحیٰ بن ہبیرہ رحمتہ اللہ فرماتے ہیں۔۔

الوقت انفس ما عنیت بحفظہ
واراہ اسہل ما علیک یضیع'

جن اشیا کی حفاظت انسان بڑے اہتمام سے کرتا ہے۔ وقت ان میں سرفہرست ہے اور عمدہ ترین ہے لہذا اسے کسی پسندیدہ مقصد کے لئے صرف لے۔

آج کل کے اس نفسانفسی کے دور میں وقت بڑا قیمتی بنتا جارہا ہے۔ ہر فرد کے لبوں میں یہی جملہ ہوتا ہے وقت ہی نہیں ملتا کیا کریں جی! زندگی کے بکھیڑے سمٹنے میں ہی ہی نہیں آتے۔ وقت ہے کہ ہاتھوں سے نکلا جارہا ہے۔ سارا دن وقت اس طرح بھاگتا ہے کہ مجھے اپنے لئے تو وقت ملتا ہی نہیں، یا اس سے ملتے جلتے جملے آج کل عام ہو چکے ہیں ۔ ہر فرد وقت کی کمی ک رونا روتا ہے۔ حالانکہ اس مہیں کمی کرنے کے ذمہ دار ہم خود ہیں۔ وقت درحقیقت ایک نعمت ہے۔ جس طرح سورہ رحمٰن مہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں کا جن وانس سے سوال کیا ہے۔ وقت بھی اُن نعمتوں میں سے ایک نعمت ہیاس نعمت کا ہمیں اللہ تعالیٰ کو حساب دینا ہوگا۔ مگر ہم اس کو بے دریغ ضائع کیے جارہے ہیں۔ اور ہمیں اس کی ذرہ برابر بھی پرواہ نہیں کمپیوٹر خصوصاً نیٹ پر تو ساری ساری رات لگادی اور احساس تک نہ ہو ا۔ موبائل تو ضیاع وقت کا بہترین مصرف بن چکا ہے۔ ان تمام ضیاع وقت کے آلات میں ہر خاص وعام ملوث ہو گیا۔ شیطانی طاقتوں نے حضرت انسان کے گردان آلات کا ایا باریک جال بن دیا ہے کہ بچہ بچہ اس جال میں اُلجھ کر رہ گیا ہے اور سونے پہ سہاگا یہ ہے۔ کہ اس جال میں اُلجھن کا احساس بھی کسی کو نہیں۔

اللہ تعالیٰ نے ایسی قوموں پر عذاب نازل کیا جنہوں نے اپنی زندگیوں سے فائدہ نہ اٹھایا۔ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو قیامت کے دن عتاب کرتے ہوئے فرمائیں گے' کیا ہم نے تم کو اتنی عمر نہ دی تھی جس میں کوئی سبق لینا چاہتا تو لے سکتا تھا اور تمارے پاس تنبیہ

گورنمنٹ عطا شاد ڈگری کالج تربت
Downloaded from Atta Shad College Digital Library

کرنے والا بھی آچکا تھا اب مزا چکھو ظالموں کا یہاں کوئی مددگار نہیں ہے۔آپ کو اپنے قیمتی وقت کا خیال رکھنا چاہیے۔ہمیں چاہیے کہ ہر کام وقت پر کریں۔اگر ہر کام صبح وقت پر کیا جائے گا تو ہمیں کبھی دیر نہیں ہوگی ہمیں وقت کی قدر کرنی چاہیے وقت کی قدر کرنا عظیم قومول کا شیوہ ہے۔جو قومیں اپنے وقت کی قدر نہیں کرتے وہ کبھی ترقی بھی نہیں کرسکتے۔جو وقت کی قدر کرتا ہے وقت اُس کی قدر کرتا اس لئے زندگی کے معمولات کو وقت کا پابند کرلو۔

وقت کی پابندی کے لے ضروری ہے کہ آپ نماز پنجگانہ ادا کیا کریں۔خصوصا فجر کی نماز کی عادت آپ کو صبح وقت پر اٹھنے میں مدد دے کی اور ہر کام خود بخود وقت پر سرانجام پاجائنگے۔دراصل چند لوگوں کی غلط سوچ اور عادتوں کو سب کو اپنالیا ہے۔حالانکہ معاملہ اس کے برعکس ہے۔سمجھدار اور پڑھے لکھے لوگ اب بھی ہر جگہ وقت پر جاتے ہیں۔

آج ہم اپنے آپ کو اور اپنے اردگرد خصوصا بچوں ہی کو دیکھ لیں کسی کو وقت کے ضیاع کا احساس ہی نہیں اگر ان کو رب کی رضا کے ساتھ کچھ دین سیکھنے کا کہا جائے تو سب پیچھے ہٹتے نظر آتے ہیں۔اور مندرجہ بالا جملہ سننے میں آتے ہیں کیا کریں جی!

داؤد طائیؒ فرماتے ہیں بسکٹ توڑ کر کھانے اور روٹی چبا کر کھانے میں پچاس آیات پڑھنے کا فرق ہے۔یہ لوگ وقت کی قدر و قیمت کو جانتے تھے۔اور ہم وقت کو ضائع کرنے کیلئے مختلف حربے استعمال کررہے ہیں۔

اچھی کتاب سے دوری،جسمانی صحت والے کھیلوں سے دوری،دینی حلقون سے دہری،مسائل ضرور یہ تک معلومات نہ ہونا آج کے ہر فرد کو شیطانی ایجادات اور آلات نے اس شے سے دور کردیا جس میں ربّ کی رضا اور زندگی کا مقصد مضمر ہے۔پہلے مائیں بچوں کو اللہ سے مانگنا سکھاتی تھیں اب انٹرنیٹ سے سرچ کرنا سکھایا جاتا ہے۔ابن عباسؓ روایت کرتے ہیں آپ ﷺ نے فرمایا: دو نعمتیں ایسی ہیں کہ اکثر لوگ ان میں دھوکہ کھا جاتے ہیں صحت اور فراغت۔

اب بھی وقت ہے اپنے گزرتے وقت پر توجہ کیجیئے اور آنے والے لمحوں کو قیمتی بنائیے کیا پتا کون سا لمحہ ہماری زندگی کا آخری لمحہ ثابت ہوجائے۔۔۔

Downloaded from Atta Shad College Digital Library

(افسانہ)

لاش کی تلاش

ظہیرالدین نگانی سرسیکنڈیر آرٹس

